ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

ون ڈے میچ: پاکستان شاہینز نے این ٹی اسٹرائیک کو 84 رنز سے ہرادیا۔

- **فیصل اکرم نے صرف 37 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کرڈالیں۔**

ڈارون (آسٹریلیا) 9 اگست، 2023:

پاکستان شاہینز نے دورۂ آسٹریلیا کے آخری ون ڈے میچ میں این ٹی اسٹرائیک کو 84 رنز سے شکست دے دی۔

اس جیت میں 19 سالہ لیفٹ آرم اسپنر فیصل اکرم کی 37 رنز کے عوض 5 وکٹوں کی شاندار کارکردگی نے کلیدی کردار ادا کیا۔

اس دورے میں پاکستان شاہینز نے چھ ٹیموں کے ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ کا بھی فائنل کھیلا جس میں اسے این ٹی اسٹرائیک نے 46 رنز سے شکست دی تھی لیکن اس ون ڈے میچ میں اس نے شاندار بولنگ کے نتیجے میں حریف ٹیم کو آؤٹ کلاس کردیا ۔

بدھ کے روز کھیلے گئے ون ڈے میچ میں پاکستان شاہینز نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کی اور پوری ٹیم 47.3 اوورز میں 232 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔

علی اسفند 42 رنز ناٹ آؤٹ کے ساتھ نمایاں اسکورر رہے۔

جواب میں این ٹی اسٹرائیک کی ٹیم 40ویں اوور میں 148 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔

پاکستان شاہینز کے اوپنرز باسط علی اور اذان اویس نے ٹیم کو 53 رنز کا اچھا اسٹارٹ دیا۔ اذان اویس 36 اور باسط علی 33 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے جس کے بعد کوئی بھی بیٹر بڑی اننگز کھیلنے میں کامیاب نہ ہو سکا۔

وہاج ریاض 24 شامل حسین 7 اور کپتان روحیل نذیر 2 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئے۔

پاکستان شاہینز کی سات وکٹیں 160 رنز پر گر چکی تھیں اس موقع پر علی اسفند اور احمد خان نے آٹھویں وکٹ کی شراکت میں 44 رنز کا اضافہ کیا۔

احمد خان 39 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے جس میں ایک چھکا اور دو چوکے شامل تھے۔

علی اسفند 42 گیندوں پر 42 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ ان کی اننگز میں پانچ چوکے شامل تھے۔

این ٹی اسٹرائیک کی طرف سے چارلی اسمتھ نے 31 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں۔ ٹام مینزیز اور جیک ووڈ نے دو دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

این ٹی اسٹرائیک کے دونوں اوپنرز صرف سات رنز کے مجموعی اسکور پر آؤٹ ہو گئے جس کے بعد جیسن سانگھا اور کوبی ایڈمن سٹون نے تیسری وکٹ کی شراکت میں 79 رنز کا اضافہ کر دیا۔

سانگھا34 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ کوبی ایڈمن سٹون نے چھ چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 65 رنز اسکور کیے لیکن دوسری جانب فیصل اکرم نے صرف 28 گیندوں پر 5 وکٹیں حاصل کرڈالیں جن میں ٹاپ اسکورر کوبی ایڈمن اسٹون کے علاوہ ٹی ٹوئنٹی فائنل میں سنچری بنانے والے جیک ووڈ کی وکٹ بھی شامل تھی۔ ان کی یہ شاندار کارکردگی پاکستان شاہینز کو میچ جیتنے کی پوزیشن میں لے آئی۔

کپتان روحیل نذیر نے وکٹ کیپنگ میں عمدہ کارکردگی دکھاتے ہوئے تین اسٹمپڈ اور ایک کیچ کیا۔

مختصر اسکور۔

پاکستان شاہینز 232 رنز (47.3 اوورز)۔ علی اسفند ناٹ آؤٹ۔ احمد خان 39 چارلی اسمتھ 31 / 4 وکٹ۔

این ٹی اسٹرائیک۔ 148 رنز۔ (39.3 اوورز) کوبی ایڈمن اسٹون 65۔ فیصل اکرم 37 / 5 وکٹ۔

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficia